3935 ـ کیا نماز کو اول وقت سے لیٹ کرکے ادا کرنے سے دعا کی قبولیت میں رکاوٹ آتی ہے؟

سوال

اگر کوئی نماز کو اول وقت سے اتنا مؤخر کرتا ہے کہ نماز کا وقت نکلنے سے پہلے ادا کرلیتا ہے، تو کیا اس کے بارےمیں ایسی کوئی دلیل ہے کہ ایسے شخص کی دعا قبول نہیں ہوتی؟

پسندیدہ جواب

الحمد للہ.

اس سوال کے بارے میں فضيلة الشيخ عبد اللہ بن قعود حفظہ اللہ نے ہمیں جواب دیا، جسکا خلاصہ یہ ہے کہ:

ہمیں اس قسم کی کوئی دلیل نہیں معلوم ، ویسے دعا اللہ تعالی کبھی مصیبت میں پھنسے ہوئے شخص کی بھی قبول کرلیتا ہے، چاہے کافر ہی کیوں نہ ہو۔

اللہ تعالی ہی توفیق دینے والا ہے۔.